وزیر اعظم کا گھانا کی پارلیمنٹ سے خطاب (جولائی 03، 2025)

جولائی 03، 2025

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے آج گھانا کی پارلیمنٹ کے ایک خصوصی اجلاس سے خطاب کیا، یوں وہ گھانا کی پارلیمنٹ سے خطاب کرنے والے پہلے بھارتی وزیر اعظم بن گئے. یہ اجلاس، جو پارلیمنٹ کے اسپیکر عزت مآب البان کنگزفورڈ سمانا باگبن کی زیرِ صدارت منعقد ہوا، میں دونوں ممالک کے ارکانِ پارلیمنٹ، سرکاری عہدیداران اور معزز مہمانوں نے شرکت کی. یہ خطاب بھارت اور گھانا کے درمیان تعلقات میں ایک تاریخی لمحہ تھا، جو باہمی احترام اور جمہوری اقدار کی عکاسی کرتا ہے اور دونوں ممالک کو جوڑتا ہے۔

2. اپنے خطاب میں وزیر اعظم نے بھارت اور گھانا کے درمیان تاریخی تعلقات کو اجاگر کیا، جو آزادی کی مشترکہ جدوجہد اور جمہوریت و جامع ترقی سے وابستہ عزم کے ذریعے پروان چڑھے. انہوں نے گھانا کے صدرمعزز جان ڈرامانی مہاما اور گھانوی عوام کا ان پر قومی اعزاز عطا کرنے پر شکریہ ادا کیا، اور اس اعزاز کو دونوں ممالک کے درمیان دیرینہ دوستی کی علامت قرار دیا. وزیر اعظم نے عظیم گھانوی رہنما ڈاکٹر کوامے نکرومہ کی خدمات کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ اتحاد، امن اور انصاف کے نظریات ہی مضبوط اور دیرپا شراکت داری کی بنیاد ہوتے ہیں.

3. وزیر اعظم نے ڈاکٹر نکرومہ کا حوالہ دیا، جنہوں نے ایک بار نے کہا تھا -" وہ قوتیں جو ہمیں متحد کرتی ہیں، ہماری فطرت میں شامل اور ان بیرونی اثرات سے کہیں زیادہ طاقتور ہیں جو ہمیں ایک دوسرے سے جدا کرتی ہیں" اور جنہوں نے جمہوری اداروں کی تعمیر کے طویل مدتی اثرات پر بہت زور دیا، وزیر اعظم نے جمہوری اقدار کی پرورش کی اہمیت کو نمایاں کیا. وزیراعظم نے اس بات کا ذکر کرتے ہوئے کہ بھارت، جو جمہوریت کی جنم بھومی ہے، نے جمہوری اقدار کو اپنی ثقافت کا حصہ بنا لیا ہے، بھارت میں جمہوریت کی گہری اور متحرک جڑوں کو اجاگر کیا۔ انہوں نے بھارت کے تنوع اور جمہوری طاقت کو "وحدت میں کثرت" کی طاقت کا ثبوت قرار دیا، جو کہ گھانا کے اپنے جمہوری سفر میں بھی جھلکتی ہے۔ وزیر اعظم نے موسمیاتی تبدیلی، دہشت گردی، عالمی وباؤں اور سائبر خطرات جیسے موجودہ عالمی چیلنجز کی نشاندہی کرتے ہوئے عالمی حکمرانی میں گلوبل ساؤتھ کی اجتماعی آواز کی ضرورت پر زور دیا. اس تناظر میں، انہوں نے بھارت کی صدارت کے دوران G20 کے مستقل رکن کے طور پر افریقی یونین کے شمولیت کا اہتمام کیا.

4.وزیراعظم نے گھانا کے' متحرک پارلیمانی نظام کو سراہا اور دونوں ممالک کی مقننہ کے درمیان بڑھتے ہوئے تبادلے پر اطمینان کا اظہار کیا. اس تناظر میں، انہوں نے گھانا-بھارت پارلیمانی دوستی سوسائٹی کے قیام کا خیرمقدم کیا. وزیراعظم نے بھارت کے عوام کے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ ملک کو 2047 تک ایک ترقی یافتہ ملک بنائیں گے، اور اس بات پر زور دیا کہ بھارت، گھانا کی ترقی اور خوشحالی کے سفر میں اس کے شانہ بشانہ کھڑا رہے گا.

وز 5.یراعظم کا مکمل خطاب یہاں دیکھا جا سکتا ہے . here

اکرا
جولائی 03، 2025